سماں بندھ گیا

عجب تازگی آج گلزار میں ہے
گھٹا خوب ابرِ گہربار میں ہے

جھڑی نے ہے باندھی لڑی کیا برابر
مسلسل گہر جس کے ہر تار میں ہے

تَرَشُّح کُناں دیکھ بارانِ رحمت
عجب چھل یہ عالم کے سنسار میں ہے

چمن میں جو دیکھا تو گل اور غنچہ
ہر ایک خندہ زن شاخِ بربار میں ہے

طیورِ خوش الحان وَصّافِ حق ہیں
نوائے خوشی بزم اشجار میں ہے

لہکنا مہکنا بہم کِھلکِھلانا
بَرَن رنگ برنگ جس سے ازہار میں ہے

بنا تختۂ گل، جواہر کی کشتی
عروسِ بہار آج سنگار میں ہے

سماں بندھ گیا خوب آبادگی کا
جو ہل چل یہ کوچہ و بازار میں ہے

امنگ ہے کسے کیجئے سیر اُس کی
کسی دل کا ہم وصلِ دلدار میں ہے

کوئی چشمِ وا نرگسی چشم پر ہے
کوئی مستیِ چشمِ مے خوار میں ہے

کسے روءِ شَمشاد سیر صَنوبر
بحسبِ تمنّا قد یار میں ہے

گل سُرخ کو دیکھ بے چین ہے وہ
مگن جس کا دل رنگِ رخسار میں ہے

ہے کر ڈالا سنبل نے بیتاب اس کو
گرفتہ جو دل زلف کے تار میں ہے

نزاکت جو ہے دلربا کی کمر میں
لچک ویسی کیا شاخِ گل زار میں ہے

لبِ سرخ ، دستِ حنائی کا عاشق
کہیں رنگ کب ویسا گلزار میں ہے

غرض بے خزاں ہے گلستان اُلفت
کہ یک عشقِ بیہوش ہشیار میں ہے

کوئی دنیوی عشق میں ہے دیوانہ
کوئی عشقِ دینی کے اسرار میں ہے

غرض دونوں عالم کی خوبی و رونق
رضائے شہِ فیض آثار میں ہے

ہے وہ فیض آثار شاہ محمد
یہ بارش بھی جس کے طلبگار میں ہے

نپٹ تشنگی ہے مجھے میرے ساقی
یہ دل میرا شربتِ دیدار میں ہے

پِلا کاسۂ وصل جاں بخش میری
نہ طاقت جدائی کی مجھ زار میں ہے

سکینت میرے دل کی ہے پاس تیرے
قرار اب مرا تیرے اقرار میں ہے

یہ ہے قرۃ العین زین الہُدیٰ کا
قرار اس کو دیکھنے سے ابصار میں ہے

مبارک شہِ دیں کو ہر تہنیت ہو
یہ دُر مدح جھنکار و للکار میں ہے

زیادہ مرے شہ کی ہو عمر و دولت
یہ ہی وِرد اِخفاء و اظہار میں ہے

تیرے دوست و دشمن میں ہے فرق اِتنا
جو اخیار میں اور اشرار میں ہے

اے کُل کے نگہباں یہ مداح تیرا
نیّت اِن دِلوں فرطِ افکار میں ہے

ہو نوحِ زماں پار مخلصؔ کا بیڑا
جہاز اُس کی مطلب کا مجدھار میں ہے

ترشح کناں	چھر کاؤ کرنار ، ورسنار ،
چھل	رنگیني ، حیرة انگیزي
بربار	پھلو سي لدٔي هوئي
شاخ	ڈالي
وصّافِ حق	خدا ني صفة کرنار
برن	رنگ
رنگ برنگ	رنگارنگ ، مختلف اقسام نا رنگ
عروس	دلهن

لہکنا مہکنا بہم......

☆ پرنداؤ ني مستي انے چهچهاهت سي پهولو ما رنگارنگي پیدا تهئي گئي چهے

بنا تختۂ گل جواہر کی......

☆ پهولو نو فرش انے جواهر ني کشتي بناوي نے بهار ني دلهن اُجے سنگار ، آرائش انے زینة ما چهے ، یعني پورا باغ ما عجب بهار نو عالم چهے

امنگ سے کسے کیجئے......

☆ اُمنگ هے کسے کیجئیے سیر اس کي . . کوئي اُنکھ نرگسي چشم معشوق ني طرف چهے ، اهنے دیکهي رهي

چھے ، اُنکھ نی مستي شرابي ما چھے (نرگس نو پھول اُنکھ نی مثل هوئي چھے معشوق نی اُنکھ نے اهنا سي تشبيه ديوا ما اوے چھے)

دستِ حنائیٔ	مهندي والو هاتھ
بے خـزان	خزاں وگر نو ، پٹ جھرنا موسم سي منزه
زار	ضعيف ، ناتواں
نکوکار	نيك عمل كرنار ، صالح
کفش بردار	جوتي اوتھاؤنار
سَج	انداز ، وضع

بسیرت ملک وش بشوکت......

سيرة ما اپ فرشته نی مثل چھے شوكة ما اسمان نی مثل اپنا كردار ما خصائل قدسية چھے

فردزماں	يكتائے روزگار
وش	مثل
فرط	زيادتي